ہندوستان نے ایران کے صدر اور وزیر خارجہ کے المناک موت پر ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا

20 مئی 2024

حکومت ہند نے کل مورخہ 21 مئی 2024 کو ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر عزت مآب ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی اور اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیرخارجہ حسین امیرعبدالحیان ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں انتقال کرگئے تھے۔ ہندوستان بھر میں یوم سوگ پر ان تمام عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا جہاں قومی پرچم باقاعدگی سے لہرایا جاتا ہے اور اس دن کوئی سرکاری تفریح پروگرام کا انعقاد نہیں کیا جائے گا۔

ہندوستان کے وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے عزت مآب ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی، اور عزت مآب حسین امیر عبدالحیان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے ہندوستان-ایران تعلقات کو مضبوط بنانے میں دونوں رہنماؤں کے اہم کردار کا ذکر کیا۔

نئی دہلی
20 مئی 2024